DAILY NEWSMART RAWALPINDI

روزنامہ نیوزمارٹ راولپنڈی

چیئرمین شیخ عامر حسین

جلد نمبر 10 | جمعۃ المبارک 1436ھ 7 شوال 24 جولائی 2015ء 2071ب صفحات 12 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 223

اسلام آباد: چیئرمین پی اے آر سی ڈاکٹر افتخار احمد سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

موسمیاتی تبدیلی پر اسلام آباد میں تین روزہ عالمی کانفرنس شروع

اسلام آباد (نامہ نگار) موسمیاتی تبدیلی پر تین روزہ عالمی کانفرنس جمعرات کو شروع ہوگئی۔ کانفرنس میں دریائے سندھ کے آبگیرہ علاقہ میں موسمیاتی تغیرات اور موافقت پر کام کرنے والے 100 سے زائد سائنسدان، پالیسی ساز، یونیورسٹی کے (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 11

بقیہ نمبر 11

عالمی کانفرنس

طلبہ و طالبات اور ماہرین شرکت کر رہے ہیں۔ کانفرنس کا انعقاد بین الاقوامی ادارہ برائے مربوط ترقی پہاڑی علاقہ جات، وزارت قومی تحفظ خوراک و تحقیق، پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل، وزارت موسمیاتی تبدیلی، ڈبلیو ڈبلیو ایف پاکستان اور ایس ڈی پی آئی کے باہمی اشتراک سے کیا جا رہا ہے۔ تین روزہ کانفرنس میں دریائے سندھ کے آبگیرہ علاقہ جس میں 215 ملین لوگ پانی اور دیگر ذرائع پر انحصار کرتے ہیں، میں موسمیاتی تغیرات سے متعلق معلومات اور تحقیق کے باہمی تبادلہ پر غور کیا جائے گا اور لوگوں کے روزگار کو محفوظ بنانے اور انہیں موسمیاتی تبدیلیوں کو اپنانے میں مدد کرنے کیلئے ممکنہ پالیسی اور عملی طریقہ کار پر بات چیت کی جائے گی۔ کانفرنس کے پہلے روز ایک قرارداد متفقہ طور پر منظور کی گئی کہ این اے آر سی زرعی تحقیقی ادارے کو ختم کرنے کی سی ڈی اے کی طرف سے تجویز کردہ سمری کو فی الفور مسترد کیا جائے کیونکہ این اے آر سی جیسے ادارے ملکی فوڈ سیکورٹی کی ضمانت ہیں جہاں پہلے سے ہی ملک میں جنگلات اور ہریالی کا خاتمہ ہو رہا ہے جو نہ صرف ملک بلکہ انسانی زندگی کیلئے بھی خطرے کا باعث ہے۔ ان حالات میں یہ عالمی کانفرنس وزیراعظم اور دیگر اداروں سے پرزور مطالبہ کرتی ہے کہ ہاؤسنگ سوسائٹیز کو زرعی تحقیقی ادارے پر ترجیح نہ دی جائے۔ ایسے ادارے بنانے میں کئی سال لگتے ہیں۔ کانفرنس میں سفارش کرتے ہوئے کہا گیا کہ نئی پلانٹیشن ضرور کی جائے مگر پہلے سے موجود جنگلات کا تحفظ کیا جائے۔